2379- میت کے حاصل کردہ سودی قرضہ کی ادائیگی کی کیفیت

سوال

میرے والد کچھ مدت قبل ہی فوت ہوئے اوروفات سے قبل انہوں نے کچھ اشیاء کوجلد حاصل کرنے کے لیے اچھی خاصی رقم سودی قرضے کی شکل میں حاصل کی اوراپنی وفات سے قبل اس قرضہ کوادا نہ کرسکے ، اورہم ان کی اولاد بھی موجودہ حالات میں اتنے مال کے مالک نہیں کہ اس قرض کوادا کرسکیں ، لھذا ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟
ہماری کوشش ہے کہ اس موضوع کے بارہ میں جلد جواب دیں میں اس بارہ میں بہت پریشان ہوں ۔

پسندیدہ جواب

آپ کوچاہیے کہ اپنے والد کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہوئے اس قرض کوادا کرنے کی کوشش کریں ، اوریہ بھی کوشش کریں کہ صرف اصل مال ہی ادا کیا جائے اور سوادا کرنے سے بچیں ، اورجن سے قرض حاصل کیا گیا ہے انہیں وعظ ونصیحت کریں کہ وہ صرف اصل مال ہی واپس لیں اور سود ترک کردیں ۔

اوراس میں بھی کوئی حرج نہیں کہ آپ ان کے ساتھ مذاکرات کریں اوراس معاملے پر بھاؤ تاؤ کریں کہ انہیں صرف اصل مال ہی ملے نہ تووہ ظلم کریں اورنہ ہی ان پر ظلم کیا جائے ، اوراس کے ساتھ ساتھ اپنے فوت شدہ والد کے لیے دعائے مغفرت اوررحمت بھی کرتے رہیں ۔

واللہ اعلم.